Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

# بہاولنگر میں دو سرکاری محکموں کے ملازمین کے مابین پیش آنے والے واقعے پر پاکستان تحریک انصاف کا ردعمل

بہاولنگر واقعہ ملک میں مروجہ لاقانونیت اور حکومتی و ریاستی صفوں میں گہرائی تک جنم لینے والے بگاڑ کی بدترین علامت ہے، پچھلے 2 برس کے دوران ریاستی سطح پر دستور و قانون کو دفن کرکے لاقانونیت کو فروغ دیا گیا اور ایک مخصوص گروہ کو قانون سے ماورا مخلوق کا درجہ دیا گیا ہے،

پاکستان تحریک انصاف کو طاقت اور جبر کے زور پر سیاست سے بے دخل کرنے کیلئے جس غنڈہ گردی کو فیشن بنایا گیا، ریاست کے تمام اجزا اور ادارے اس کی بھینٹ چڑھ رہے ہیں،

حکومتی محکموں/اداروں کی سربراہی پر بیٹھے ٹاؤٹس اپنے نجی مفادات کیلئے اداروں کی ساکھ، قانونی کردار اور عوام کے لئے ان کی افادیت کو خاک میں ملا رہے ہیں،

اس سے پہلے اسلام آباد ہائیکورٹ کے 6 محترم ججز نے اپنے خط میں اس بیماری/چیلنج کا کھل کر ذکر کیا جو پورے نظام کو لاحق ہے، قانون کی حکمرانی کی بنیاد پر عدل و انصاف کی حکمرانی قائم کئے بغیر بہتری کی جانب ایک انچ سفر بھی ممکن نہیں، بہاولنگر واقعے پر خفیہ و اعلانیہ پردہ پوشی کی بجائے اس قابلِ مذمت واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات کی جائیں اور ذمہ داروں کا پوری صراحت سے تعیّن کیا جائے،

ریاست کو حاکم اور محکوم یا قانون سے ماوراء اور قانون کے تابع طبقات میں مزید بانٹنے کی بجائے قانون کو بالادست اور میرٹ کو فیصلہ کن بنایا جائے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ